نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

کاشتکار بہاریہ سورج مکھی کی زیادہ پیداوار کیلئے منظور شدہ ہائبرڈ اقسام کاشت کریں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور:26دسمبر 2023(   )ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق پاکستان ہر سال 300 ارب روپے کا خوردنی تیل درآمد کرتا ہے جو کہ ملکی معیشت پر ایک بوجھ ہے۔ترجمان نے بتایا کہ سورج مکھی کے بیج میں تیل کی مقدار 40 تا 45 فیصد موجود ہوتی ہے اور اس میں صحتمند مفید وٹامن اے،بی ،ای اور کے پائے جاتے ہیں۔سورج مکھی کاشت کے لئے پنجاب کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔**پہلے مرحلہ میں جنوبی پنجاب** ڈیرہ غازی خان، راجن پور، بہاولپور، رحیم یار خان، ملتان، وہاڑی، بہاولنگر، مظفر گڑھ، لیہ، لودھراں، بھکر اور خانیوال کے اضلاع کے کاشتکار میں سورج مکھی کی کاشت یکم دسمبر تا **31 جنوری** جب کہ دوسرے **مرحلے میں وسطی پنجاب کے اضلاع** جن میں میانوالی ، سرگودھا، خوشاب ، جھنگ ، ساہیوال ، اوکاڑہ ، پاکپتن ، فیصل آباد، ٹوبہ ٹیک سنگھ ، چنیوٹ ، سیالکوٹ ، گوجرانوالا، لاہور، منڈی بہاؤالدین، حافظ آباد، قصور، شیخوپورہ اور ننکانہ صاحب میں سورج مکھی کی کاشت کا وقت **یکم تا 31 جنوری** تک مقرر کیا گیا ہے۔سورج مکھی کی کاشت کے تیسرے **مرحلے میں شمالی پنجاب کے اضلاع** نارووال، اٹک، راولپنڈی، گجرات، جہلم اور چکوال میں سورج مکھی کی کاشت کا وقت **یکم جنوری تا 15 فروری** تک مقرر کیا گیا ہے۔کاشتکار سورج مکھی کی کاشت کے لئے اچھے اگاؤ والے صاف ستھرے دوغلی (ہائبرڈ) اقسام کے بیج کی فی ایکڑ مقدار 2 کلوگرام رکھیں جبکہ بیج کے اُگاؤ کی شرح 90 فیصد ہونی چاہیے اور پودوں کی تعداد 22 سے 23 ہزار فی ایکڑ ہونی چاہیے۔**محکمہ زراعت پنجاب کی سفارش کردہ سورج مکھی کی ہائبرڈ اقسام میں ہائی سن-33، ٹی-40318، اگورا4، ایس-278، یوایس-444، یوایس-666، این کے آرمنی، آگسن 5270، آگسن 5264، ایچ ایس ایف-350 اے، سن-7، اوریسن-648، اوریسن 516، اوریسن-675، اوریسن-701، پارسن 3 اور رائینا شامل ہیں**۔سورج مکھی کی زیادہ پیداوار حاصل کرنے کے لئے موزوں وقت پر کاشت انتہائی ضروری ہے کیونکہ تاخیر سے کاشت کی صورت میں نہ صرف سورج مکھی کی فی ایکڑ پیداوار میں کمی واقع ہوتی ہے بلکہ تیل کی مقدار میں بھی کمی ہوتی ہے۔ترجمان نے مزید کہا کہ سورج مکھی کی بہاریہ کاشت زیادہ پیداوار دیتی ہے۔اس لئے کاشتکار بہاریہ کاشت کو ترجیح دیں۔سورج مکھی کی کاشت ترجیحاً وٹوں پر کاشت کریں۔رجر کی مدد سے اڑھائی فٹ کے باہمی فاصلے پر شرقاً غرباً وٹیں بنائیں۔کھیلیوں میں پہلے پانی لگائیں اور جہاں تک وتر پہنچے اس سے تھوڑا اوپر خشک مٹی میں جنوب کی طرف 9 انچ کے فاصلے پر ایک ایک بیج لگائیں۔

☆☆☆☆